15.09.2025

21.15 Hrs.

HL

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ضمیر رضوی

Music

………………………………

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے پورنیہ ضلعے سے بہار میں 40ہزار کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ انھوں نے کہا کہ قومی مکھانہ بورڈ کا قیام کسانوں کیلئے بہتر قیمتوں کو یقینی بنائے گا۔

☆ وزیر اعظم نے، مشرقی بھارت میں بڑے پیمانے پر آبادیاتی بحران کو اجاگر کرتے ہوئے غیر قانونی دراندازی کے خلاف کارروائی کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

☆ وزیر اعظم نے کولکتہ میں کمبائنڈ کمانڈر کانفرنس کے دوران مسلح افواج کی بڑے پیمانے پر کارروائی جاتی تیاری پر زور دیا ہے۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے جھارکھنڈ کے ہزاری باغ میں چوٹی کے تین نکسلیوں کو ہلاک کرنے کیلئے سکیورٹی فورسز کی ستائش کی ہے۔

☆ ریلوے کی وزارت نے اگلے مہینے کی پہلی تاریخ سے IRCTC کی ویب سائٹ اور موبائل ایپ کے ذریعے جنرل ریزرویشن میں ٹکٹوں کی بکنگ کے ابتدائی 15منٹ کیلئے آدھار تصدیق کو لازمی بنا دیا ہے۔

☆ اور شطرنج میں بھارت کی ویشالی رمیش بابو نے ازبکستان میں FIDE خواتین کا گرانڈ Swiss جیت لیا ہے۔ وہ Women's Candidates 2026 کیلئے کوالیفائی بھی کرگئی ہیں۔

………………………………

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

PM Bihar

وزیر اعظم نریندر مودی نے، پورنیہ ضلعے سے پورے بہار کیلئے آج 40ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ ضلعے کے گلاب باغ میں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ڈبل انجن والی سرکار، بہار کے لوگوں کی زندگیوں کو آسان بنانے کیلئے مسلسل کام کر رہی ہے۔

S/B 2100 PM Bihar

اس موقع پر وزیر اعظم مودی نے بہار میں قومی مکھانہ بورڈ کا بھی آغاز کیا۔ بورڈ کا قیام مکھانے کی پیداوار

میں نمایاں اضافہ کرے گا اور اِس شعبے میں بہار کی عالمی پیمانے پر موجودگی کو مستحکم کرے گا۔ جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ بورڈ، مکھانے کے کسانوں کیلئے بہتر قیمتوں اور اِس شعبے میں ٹیکنالوجی کے استعمال میں اضافے کو یقینی بنانے کیلئے مسلسل کام کرے گا۔

S/B 2100 PM Makhana Board

بجلی کے شعبے میں وزیر اعظم نے بھاگلپور کے Pirpainti میں ایک دو ہزار 400میگاواٹ تھرمل پاور پروجیکٹ کا سنگ بنیاد رکھا۔ انھوں نے Kosi-Mechi بین ریاستی دریائی لِنک پروجیکٹ کے پہلے مرحلے کا بھی سنگ بنیاد رکھا جو مشرقی کوسی مین کینال کو توسیع دے گا۔ ریلوے کے شعبے میں وزیر اعظم نے مختلف پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا اور نئی ٹرینوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔

جناب مودی نے کہا کہ اُن کی حکومت نے GST کی شرحوں میں بہت زیادہ کمی کی ہے، جو نوراتری کے موقعے پر اِس مہینے کی 22تاریخ سے نافذ ہوں گی۔ انھوں نے کہا کہ اِس کے ساتھ ہی روز مرہ کے استعمال کی اشیاء سستی ہوں گی۔ وزیر اعظم نے پورنیہ ہوائی اڈّے کے نئے سول انکلیو میں Interim ٹرمنل بلڈنگ کا افتتاح کیا اور پہلی کمرشیل پرواز کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ جناب مودی نے کہا کہ اب پورنیہ ملک کے ہوا بازی کے نقشے پر آ گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس سے پورنیہ اور سیمانچل کا، ملک کے بڑے شہروں اور کلیدی کمرشیل مراکز کے ساتھ براہِ راست رابطہ ہوگا۔ اس سے پہلے دن میں نوتعمیر شدہ پورنیہ ہوائی اڈّے کے افتتاح کے موقع پر جناب مودی نے کہا کہ اب پورنیہ ملک کی ہوائی بازی کے نقشے پر آ گیا ہے۔ اس ایئرپورٹ کے فعال ہونے کے ساتھ ہی پورنیہ سے ملک کے دیگر حصوں کیلئے اندرون ملک پرواز کی خدمات شروع ہوجائے گی۔

وزیر اعظم نے اجاگر کیا کہ غیر قانونی دراندازی کے باعث سیمانچل اور مشرقی بھارت میں بڑا آبادیاتی بحران ابھر رہا ہے۔ وزیر اعظم نے دراندازوں کی حمایت کرنے اور اُنھیں ووٹ بینک کی سیاست کیلئے استعمال کرنے کی کوشش کیلئے اپوزیشن اتحاد اور اس کے ایکو نظام کی تنقید کی۔ انھوں نے ملک کو یقین دلایا کہ غیر قانونی دراندازوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔x

**PM Kolkata**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کمانڈروں کی مشترکہ کانفرنس کے دوران دفاعی افواج کی کارروائی جاتی تیاری میں اضافے کو اجاگر کیا۔ وزیرِ اعظم نے آج مغربی بنگال کے کولکاتہ میں اِس تین روزہ تقریب کا افتتاح کیا۔ اس دوران اظہارِ خیال کرتے ہوئے، وزیرِ اعظم نے آپریشن سندور کے دوران مسلح افواج کے غیرمعمولی رول اور ملک کی تعمیر میں اُن کے اہم کردار کی ستائش کی۔ سال 2025کے دفاعی شعبے میں اصلاحات کے سال کا حوالہ دیتے ہوئے، وزیرِ اعظم مودی نے مستقبل کے چیلنجوں اور کسی ناگہانی صورتحال سے نمٹنے کی خاطر وزارتِ دفاع کو وسیع تر اشتراک، آتم نربھرتا اور جدت طرازی کو اپنانے کیلئے ٹھوس اقدامات کرنے کی ہدایت دی۔

اس موقع پر وزیرِ اعظم کو آپریشن سندور کے تناظر میں مستقبل کے جنگی حربوں میں ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی اور طریقۂ کار کو اپنانے کے دفاعی افواج کے نئے معمول سے آگاہ کیا گیا اور کارروائی جاتی تیاری سے واقف کرایا گیا۔

وزیرِ اعظم نے گذشتہ دو سال کے دوران اصلاحات کے نفاذ کا جائزہ لیا اور اگلے دو سال کے منصوبے سے بھی واقفیت حاصل کی۔ اِس موقع پر وزیرِ اعظم نے بھارتی مسلح افواج کے ویژن 2047دستاویز کی نقاب کشائی کی، جو مستقبل کیلئے تیار مسلح افواج سے متعلق ایک روڈ میپ ہے۔ اِس دوران وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ ، قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال اور دفاعی عملے کے سربراہ جنرل انل چوہان بھی موجود تھے۔

دو سال میں ایک مرتبہ منعقد ہونے والی مسلح افواج کے کمانڈروں کی یہ اعلیٰ ترین چوٹی کانفرنس، ملک کی چوٹی کی شہری اور فوجی قیادت کو یکجا کرتی ہے تاکہ بھارت کی مستقبل کی فوجی تیاری سے متعلق تبادلۂ خیال کی راہ ہموار ہوسکے۔ اِس سال کانفرنس کا موضوع ہے، ''اصلاحات کا سال–مستقبل کی تیاری''، جو کہ جاری جدت طرازی اور مسلح افواج میں تبدیلی کے عین مطابق ہے۔ اگلے دو دن کے دوران اِس کانفرنس میں بڑھتی عالمی غیریقینی صورتحال کے پس منظر میں مختلف بنیادی ڈھانچے، انتظامی اور کارروائی جاتی امور پر حاصل ردّ عمل کے تناظر میں مسلح افواج کی تیاری کا جائزہ لیا جائے گا۔ اِس کے علاوہ، وزیرِ اعظم نریندر مودی کے ویژن کے نفاذ سے متعلق روڈ میپ تیار کرنے پر بھی غور و خوض کیا جائے گا۔x

## SC-Waqf Order

سپریم کورٹ نے وقف قانون پر روک لگانے سے انکار کردیا ہے لیکن وقف ترمیمی ایکٹ 2025 کی بعض دفعات کو فی الحال موقوف کردیا ہے۔ عدالت نے اُس شِق پر روک لگادی ہے، جس کے تحت کسی شخص کو اِملاک وقف میں دینے سے قبل، پانچ سال سے ایک مسلم کے طور پر مذہب پر عمل کرنے والا ہونے کی ضرورت تھی۔ عدالت عالیہ نے یہ فیصلہ سنایا ہے کہ یہ شِق اُس وقت تک معطل رہے گی، جب تک ریاستی سرکاریں اس طرح کی شرائط کے تعین کیلئے ضابطے مرتب نہیں کرتیں۔

عبوری حکم کا اعلان کرتے ہوئے بھارت کے چیف جسٹس بی آر گوئی اور جسٹس Augustine George مسیح پر مشتمل ایک بینچ نے کہا کہ اُس نے ہر سیکشن کو چیلنج کرنے کے معاملے پر غور کیا ہے اور پورے قانون پر اِسٹے دینے کا کوئی کیس نہیں بنتا۔

اس کے علاوہ اُس بندوبست پر بھی روک لگائی گئی ہے، جس کے تحت سرکار کے نامزد افسر کو اِس تنازعے کے بارے میں فیصلہ کرنے کی اجازت تھی کہ آیا سرکاری املاک پر وقف پراپرٹی کا ناجائز قبضہ ہوا ہے یا نہیں۔ اس سلسلے میں عدالت نے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ ایگزیکیٹو افسر شہریوں کے حقوق کے تعلق سے فیصلے نہیں کرسکتے، کیونکہ اس سے اختیارات کو علیحدہ رکھنے کی خلاف ورزی ہوگی۔

عدالت نے اس طرح کی متنازعہ املاک پر تیسرے فریق کے حقوق قائم کرنے کو بھی اُس وقت تک کیلئے محدود کردیا، جب تک کہ متعلقہ ٹرائبیونل معاملے کا فیصلہ نہیں کرلیتے۔ عدالت عالیہ نے وقف اداروں میں غیر مسلموں کو شامل کرنے کی دفعہ پر بھی توجہ دی ہے۔ وقف بورڈز میں غیر مسلم اَرکان کو نامزد کئے جانے سے متعلق دفعہ پر کوئی روک نہیں لگائی گئی ہے۔x

### Maha Kiren Rijiji

اقلیتوں کے اُمور کے وزیر کرن رجیجو نے وقف ترمیمی بل پر سپریم کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے اور اِسے بھارت کی پارلیمانی جمہوریت کی ایک روشن مینار سے تعبیر کیا ہے۔ ممبئی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب رجیجو نے کہا کہ تاریخ میں سب سے طویل بحث مباحثے کے بعد پارلیمنٹ میں یہ بل منظور کیا گیا تھا۔ وزیر موصوف نے زور دے کر کہا کہ اِس سے غریب مسلم بھائیوں اور خواتین سمیت پوری مسلم برادری کو فائدہ ہوگا۔

S/B Kiren Rijiju Waqf

اس سے قبل جناب رجیجو نے ممبئی یونیورسٹی کے Kalina کیمپس میں Centre of Excellence in Heritage Languages and Cultural Studies کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب کی صدارت کی۔x

### Jharkhand Encounter

آج جھارکھنڈ کے ہزاری باغ ضلع کے Karandi گاؤں میں ایک جھڑپ میں چوٹی کے تین نکسل وادی ہلاک ہوگئے۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں، ہزاری باغ میں نکسل خلاف کارروائیوں میں بڑی کامیابی حاصل کرنے پر، CRPF کی کوبرا بٹالین اور جھارکھنڈ پولیس کی مشترکہ ٹیم کی ستائش کی۔ جناب شاہ نے کہا کہ خطرناک نکسل کمانڈر سہدیو سورین اِس کارروائی میں ہلاک کردیا گیا ہے جس پر ایک کروڑ روپئے کا انعام تھا۔ اس کے علاوہ رگھوناتھ Hembram اور Birsen Ganjhu بھی سکیورٹی فورسز کے ذریعے ہلاک کردیا گیا۔ ان دونوں پر بھی انعام تھا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ اِس کارروائی کے بعد، شمالی جھارکھنڈ کے بوکارو خطے سے نکسل ازم پوری طور پر ختم ہوگیا ہے۔x

### Railway General Reservation

ریلوے کی وزارت نے فیصلہ کیا ہے کہ عام ریزرویشن کے شروع ہونے کے پہلے 15 منٹ، اگلے مہینے کی پہلی تاریخ سے ریزروڈ جنرل ٹکٹس کو، صرف آدھار تصدیق شدہ یوزرس، IRCTC کی ویب سائٹ اور اِس کے ایپ سے بُک کرسکتے ہیں۔ اِس وقت یہ پابندی صرف تتکال بکنگس پر عائد ہے۔ وزارت نے کہا کہ یہ فیصلہ اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے کیا گیا ہے کہ ریزرویشن کے نظام کے فوائد عام آدمی کو دستیاب ہوسکیں اور یہ کہ غیر قانونی عناصر اِن کا غلط استعمال نہ کرسکیں۔ البتہ وزارت نے کہا کہ ریلوے کے موجودہ کمپیوٹرائزڈ مسافروں کے ریزرویشن کے کاؤنٹرس کے ذریعے جنرل ریزروٹکٹس کی بُکنگ کے اوقات میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔

وزارت نے یہ بھی کہا کہ جنرل ریزرویشن کے شروع ہونے کے دس منٹ کی پابندی کے اوقات میں بھی کوئی تبدیلی نہیں ہوگی، جس میں مجاز ریلوے کے ٹکٹ بُک کرنے والے ایجنٹس کو اوپنگ ڈے ریزرو ٹکٹ بُک کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔x

## Seva Parv Swacch Bharat

سیوا یعنی عوامی خدمت اور سُشاسَن یعنی بہتر حکمرانی کے منتر سے ترغیب پاکر وزیرِ اعظم نریندر مودی کی قیادت والی حکومت بدلاؤ اور ترقی کیلئے انتھک کوششیں کررہی ہے۔ آج اپنے خصوصی نشریے ''سیوا Parv'' میں مودی حکومت کے ذریعے سووچھ بھارت مہم کے تحت عام شہری کی زندگی میں لائی گئی تبدیلیوں پر روشنی ڈالی جائے گی۔

Music + VC

سووچھ بھارت ابھیان کو شروع ہوئے 11 سال گزر چکے ہیں۔ یہ کسی نے سوچا بھی نہیں تھا کہ بیت الخلاء کی تعمیر کے ذریعے صفائی ستھرائی مہم کی بات لال قلعہ کی فصیل سے کی جائے گی لیکن 15 اگست 2014 کو وزیرِ اعظم نریندر مودی نے یہی کیا۔

یہ پروگرام تقریباً 12 کروڑ گھروں میں بیت الخلاء کی تعمیر کے ذریعے جاری ہے، جس سے ملک کو کھلے میں رفع حاجت کی برائی سے چھٹکارا مل رہا ہے۔ ملک بھر کے 78 فیصد گھروں میں پائپ لائن کے ذریعے صاف پانی فراہم کیا جارہا ہے۔ اس پروگرام کے تحت سال 2026 تک شہروں کو کچرے سے آزاد کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ سالانہ صفائی ستھرائی سروے بھی کئے جارہے ہیں۔ اِن سے شہروں کے درمیان صحتمند مسابقہ آرائی بھی ہورہی ہے۔ عوام کی شمولیت بڑھ رہی ہے، جس کے نتیجے میں ماضی کے مقابلے صفائی ستھرائی کے نقشے پر بھارت کی شبیہہ کافی بہتر ہوئی ہے۔

سووچھتا ابھیان انقلابی تبدیلیاں لا رہا ہے اور دنیا اس کا اعتراف کررہی ہے۔ بھارت میں کھلے میں رفع حاجت کے خاتمے کے بعد کی تبدیلیوں پر ''نیچر'' جریدے میں حال ہی میں ایک تحقیقی مقالہ شائع ہوا ہے۔

یونیورسٹی آف کیلیفورنیا اور اوہائیو اِسٹیٹ یونیورسٹی کی جانب سے کئے گئے مطالعے میں کہا گیا ہے کہ اِس قدم سے سالانہ تقریباً 70 ہزار اموات کو ٹالنے میں کامیابی ملی ہے۔ اِس پروگرام نے کئی خواتین کی زندگیوں کو بدل کر رکھ دیا ہے۔ ان ہی میں سے ایک ہیں، چھولی ضلعے کی کِرن ...

SB + VC

## GST Reforms 5 % Sec

یومِ آزادی کے موقع پر لال قلعہ کی فصیل سے وزیرِ اعظم نریندر مودی نے نئے دور کی GST اصلاحات کا اعلان کیا تھا۔ اصلاحات کا یہ نظریہ اس ماہ کی 3 تاریخ کو، اس وقت حقیقت کی شکل اختیار کرگیا، جب GST کونسل نے شہریوں کی زندگیوں کو آسان بنانے کیلئے کئی شعبوں میں ٹیکس کی شرحوں میں کمی کردی۔ آج ہم کچھ ایسی اشیاء پر نظر ڈالتے ہیں، جس میں GST کم کرکے 12 فیصد سے 5 فیصد کردی گئی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ...

VC - Rohan

نئے دور کے GST اصلاحات کے اقدام کے تحت، حکومت نے کئی شعبوں کے بڑے ٹیکس شرحوں میں کمی کرکے عام لوگوں کے زندگیوں کو آسان کردیا ہے۔ خاص طور سے کھیلوں کے سامان، دستانے، کھیلوں کے کِٹس ، عام

جسمانی ورزش کے آلات اور ماہی گیری وغیرہ میں GST کم کرکے 12فیصد سے 5فیصد کردی گئی ہے۔ اس قدم سے نہ صرف اِن سامانوں تک لوگوں کی رسائی میں آسانی ہوگی بلکہ بچپن کے اوائل کے دنوں میں کھیلوں سے سیکھنے کے عمل کی بھی حوصلہ افزائی ہوگی۔ ہمارے نامہ نگار سے بات کرتے ہوئے رانچی کے مقامی باشندے نے کہا کہ یہ قدم کھیلوں کے شائقین کیلئے کافی حوصلہ افزا ہے۔

کونسل نے زراعت پر مبنی لکڑی کی مصنوعات، جیسے کہ بانس کے فرش ، بیرل ، ویٹ اور لکڑی کے ٹب وغیرہ پر GST گذشتہ 12فیصد سے کم کرکے 5فیصد کردیئے ہیں، جس سے لکڑی کے مصنوعات کافی بڑھاوا ملے گا۔ تہواروں کے آغاز سے پہلے نئے دور کی GST اصلاحات کے اعلان سے عام لوگوں کے بوجھ میں کمی آئے گی اور ملک کی معیشت کو فروغ حاصل ہوگا۔ ٹیکس کی نئی شرحیں اس ماہ کی 22 تاریخ سے نافذ ہوں گی۔

شیوانگ اور روہن کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں مہتام عالم

## Chess

بھارت کی گرانڈ ماسٹر ویشالی رمیش بابو نے ازبیکستان کے سمرقند میں چین کی خواتین کی سابق عالمی چمپئن Tan Zhongyi کے خلاف اپنا حتمی میچ برابر کرکے، FIDE خواتین کا گرانڈ Swiss خطاب جیت لیا ہے۔ ویشالی نے یہ خطاب مسلسل دوسری مرتبہ حاصل کیا ہے اور وہ دیویا دیشمکھ اور Konero Humpy کے بعد، FIDE Women's Candidates 2026 کیلئے کوالیفائی کرنے والی تیسری بھارتی خاتون بن گئی ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆